رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

**سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **خاصہ سال اول** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **التاریخ+التربیۃ المدنیۃ**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **30** منٹ کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

KANZUL MADARIS BOARD

## حصہ اول: معروضی

## کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

**نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)**

سوال نمبر 1: یہ کس کا قول ہے کہ "ہم نے اپنے دنیاوی معاملات کے لئے اسی شخص کو مقدم کیا جسے حضور ﷺ نے ہمارے دین کے لئے منتخب فرمایا تھا۔

(الف) حضرت عمر (ب) حضرت عثمان (ج) حضرت علی (د) حضرت امیر معاویہ

سوال نمبر 2: رسول اللہ ﷺ کے فرمان کے مطابق حکومت (امامت) ۔۔۔کے لئے خاص ہے۔

(الف) انصار (ب) مہاجرین (ج) قریش (د) مکہ والوں

سوال نمبر 3: یہ قصیدہ "بانت سعاد فقلبي اليوم متبول" نبی کریم ﷺ نے کس سے سن کر انہیں چادر عطا فرمائی؟

(الف) حضرت حسان بن ثابت (ب) حضرت کعب بن زہیر (ج) حضرت علی (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 4: فاتحہ، واسطہ اور خاتمہ کسے کہا جاتا ہے؟

(الف) بنو امیہ (ب) بنو عباس (ج) بنو ہاشم (د) بنو تمیم

سوال نمبر 5: سب سے پہلے بیت المال کس نے قائم کیا؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 6: سب سے پہلے درہ کس نے بنوایا؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 7: سب سے پہلے اپنی والدہ کی زندگی میں خلیفہ کون مقرر ہوئے؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر 8: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا کی روایت کے مطابق ابو قحافہ کے کتنے بیٹے تھے؟

(الف) 2 (ب) 3 (ج) 4 (د) 6

سوال نمبر 9: حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی پیدائش پر ۔۔۔نے یہ دعا کی "الٰہی یہ بچہ موت کے چنگل سے آزاد رہا ہے اب اسے مجھے عنایت کر دے"

(الف) والد (ب) والدہ (ج) دادا (د) چچا

سوال نمبر 10: نبی کریم ﷺ معراج سے واپسی پر کون سے مقام پر پہنچے؟ تو جبریل علیہ السلام نے عرض کی کہ آپ کی تصدیق حضرت ابو بکر کریں گے۔

(الف) ذی طوی (ب) جبل رحمت (ج) عرفات (د) مزدلفہ

سوال نمبر 11: صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(الف) سلمی (ب) فاطمہ (ج) زلیخا (د) حنہ

سوال نمبر 12: کون سی جنگ میں فرشتوں نے ایک دوسرے کو خوشخبری دی؟ کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالی عنہ، حضور ﷺ کے ساتھ ہیں۔

(الف) حنین (ب) بدر (ج) احد (د) تبوک

سوال نمبر 13: مندرجہ ذیل میں سے سب سے پہلے خطیب کون ہیں؟

(الف) حضرت ابو بکر (ب) حضرت عمر (ج) حضرت عثمان (د) حضرت علی رضی اللہ عنہم

سوال نمبر14: یہ کس کا شعر ہے؟ "وثانی اثنین فی الغار المنیف وقد:: طاف العدو بہ اذ صعد الجبلا"

(الف) حضرت حسان بن ثابت (ب) حضرت کعب بن زہیر (ج) حضرت علی (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر15: علم الفرائض جاننے میں سب سے بہتر مندرجہ ذیل میں سے کس کو کہا جاتا ہے؟

(الف) حضرت حسان بن ثابت (ب) حضرت کعب بن زہیر (ج) حضرت زید بن ثابت (د) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہم

سوال نمبر16: انگریزی لفظ Law قدیم لفظ Lag سے ماخوذ ہے۔ Lag کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) جرمن (ب) فرانسیسی (ج) یونانی (د) چینی

سوال نمبر17: قانون کے حوالے سے غیر ضروری ماخذ کی نشاندہی کیجئے۔

(الف) رسم ورواج (ب) علمی تشریحات (ج) تقسیم اختیارات (د) عدالتی فیصلے

سوال نمبر18: آرڈیننس (Ordinance) کون جاری کرتا ہے؟

(الف) اٹارنی جنرل (ب) سربراہ مملکت (ج) چیف جسٹس (د) سپریم کورٹ

سوال نمبر19: جدید تصور آزادی کے مطابق آزادی کے کتنے پہلو ہیں؟

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر20: قانون کس زبان کا لفظ ہے؟

(الف) عربی (ب) یونانی (ج) جاپانی (د) اردو

سوال نمبر21: قانون کی اقسام ہیں۔

(الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

سوال نمبر22: کس ملک کے قانون کا تین چوتھائی حصہ رسمی قانون پر مبنی ہے؟

(الف) امریکہ (ب) برطانیہ (ج) چین (د) فرانس

سوال نمبر23: قانون کی سب سے قدیم اور ابتدائی شکل۔۔۔ ہے۔

(الف) ماہرین کی رائے (ب) رسم ورواج (ج) مذہب (د) عدالتی فیصلے

سوال نمبر24: کس نظریہ کے مطابق آزادی اور قانون ایک دوسرے سے بالکل متضاد ہیں؟

(الف) مثالیت پسند (ب) جمہوریت پسند (ج) انفرادیت پسند (د) آمریت پسند

سوال نمبر25: قدیم یونان میں ریاست کو کیا کہا جاتا تھا؟

(الف) چھوٹی ریاست (ب) ملکی ریاست (ج) شہری ریاست (د) صوبائی ریاست